گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 30/12/2022

گورنر HOCHUL کی جانب سے ڈینی فیرل ریوربینک کے ریاستی پارک کی تعمیرنو کے لیے 26$ ملین رقم کا اعلان

نیو یارک شہر کے مصروف ترین پارک میں ٹریک اینڈ فیلڈ، آرٹس سینٹر، اور لاکر رومز کے لیے اصلاحات کا نفاذ کیا گیا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ہارلم میں ڈینی فیرل ریوربینک کے ریاستی پارک میں 26$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا۔ اس سرمایہ کاری میں 30 سالہ پرانی لاکر روم کی سہولت گاہوں کی بحالی، بیرونی ٹریک اینڈ فیلڈ اور پرفارمنگ آرٹس سینٹر کی بہتری شامل ہے۔

"ہارلم کمیونٹی سرسبز و شاداب مقامات، کھیلوں کی اعلیٰ معیار کی سہولت گاہوں، اور تفریحی مواقع تک رسائی کا استحقاق رکھتی ہے، اور آج ہم شہر کے مصروف ترین پارک، ڈینی فیرل ریوربینک کے ریاستی پارک میں انہی کی فراہمی کو ممکن بنا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "26$ ملین کی اس سرمایہ کاری کے ذریعے، ہم ریاستی پارک سسٹم کے منفرد ترین مقامات میں سے ایک میں اصلاحات اور تجدید کا عمل انجام دیں گے اور پارک کو کھیلوں، تفریح اور ماحولیاتی آگہی کے مرکز کے طور پر بحال کرنے کی خاطر انتہائی ضروری تعمیراتی کام کا آغاز کریں گے۔"

ایک زمانہ گزرنے اور ہر سال لاکھوں کی تعداد میں سیاحوں کی آمد کے باعث، پارک کو ایک جامع تجدید کی ضرورت ہے۔ پارک کے سرمایہ جاتی تجدید نو کے پروجیکٹس میں درج ذیل شامل ہوں گے:

- ایتھلیٹکس اور ایکویٹکس سینٹرز دونوں میں 30 سال پرانی لاکر روم سہولت گاہوں کی تعمیرنو۔ 19$ ملین کی لاگت کے ایتھلیٹکس لاکر روم کی تجدید کے پروجیکٹ کا آغاز جنوری 2023 میں تعمیرنو سے ہو گا، جس کی تکمیل 2023 کے موسمِ بہار میں ہو گی؛ ایکویٹکس لاکر روم کی تعمیرنو 2023 کے موسمِ بہار میں شروع ہو کر 2024 میں مکمل ہو گی۔
- بیرونی ٹریک کی بالائی تہہ لگانا اور سبزہ زار کے احاطے میں تبدیلی لانا - 5$ ملین کی لاگت کا ایک پروجیکٹ فروری 2023 میں شروع ہو کر جون 2023 میں اختتام پذیر ہو گا۔
- پارک کے سال بھر کے پرفارمنگ آرٹس سینٹر کے لیے گرمائش، ہواداری اور ایئر کنڈیشننگ کے نئے نظام کی تنصیب۔ 500,000$ لاگت کے پروجیکٹ کا آغاز فروری 2023 میں ہو گا جبکہ جون 2023 میں یہ مکمل ہو جائے گا۔

گزشتہ سال کے اوائل میں، ریاستی پارکوں میں بیرونی ٹریک اور شام کی سرگرمیوں اور تقریبات کے لیے میدان کو روشن کرنے کی خاطر 1.5$ ملین کی لاگت کے نئے روشنی کے مینار کی تنصیب کی گئی۔ علاوہ ازیں، سطح زمین سے بلند جدید اور توسیع شدہ کیاریوں، ADA رسائی پذیری کی اصلاحات، اور نکاسئ آب اور پانی کی ترسیل کا بہتر نظام شامل کرنے کے لیے کمیونٹی گارڈن کی تعمیرنو کا کام انجام دیا گیا۔

نیو یارک کے ریاستی پارکوں کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا، "مغربی ہارلم میں ڈینی فیرل ریوربینک کا ریاستی پارک بہتر معیارِ زندگی کے لیے ناگزیر ہے۔ گورنر Hochul کی جانب سے معاونت پر ان کا شکریہ، تعمیرنو کے ان کاموں کی وجہ سے اہم عوامی اور تفریحی سہولت گاہوں کی بحالی میں مدد ملے گی، یوں پارک میں آنے والے متعدد سیاح اس میں موجود سامانِ تفریح سے بہتر طور پر لطف اندوز ہو سکیں گے۔"

ریاستی سینیٹر Robert Jackson کا کہنا تھا کہ، "ہم مینہیٹن کے ساحلی کنارے کے دلکش ترین ریاستی پارک، ڈینی فیرل ریوربینک کے ریاستی پارک کی بحالی کے سلسلے میں گورنر Hochul کی جانب سے مختص کردہ سرمائے کی رقم کی شاندار خبر اور ایک ایسے پارک کا خیرمقدم کرتے ہیں، جسے سینیٹ میں پیش کرنے پر مجھے فخر ہے۔ اس فیصلے کے ذریعے، ریاست کی جانب سے مغربی ہارلم جیسے نواحی علاقوں میں معیارِ زندگی میں ریاستی پارکوں اور عوامی مقامات کی جانب سے ادا کردہ اہم کردار کو عزت بخشی گئی ہے۔ میں اپنے رائے دہندگان کو تعمیرنو کے ان کاموں سے مستفید ہوتے ہوئے دیکھنے کا منتظر ہوں، جن سے اس مناسب موسوم ریاستی پارک کی افادیت اور قدرتی حسن میں اضافہ ہو گا۔"

ریاستی سینیٹر Jose Serrano نے کہا، "ہمارے ریاستی پارک ریاست نیو یارک کی تمام کمیونٹیز کو بےشمار فوائد فراہم کرتے ہیں۔ عالمی وبا کے دوران، ہمارے پارکس، ورزش، تفریح، اور لطف و استفادے کا محفوظ مقام فراہم کرتے ہوئے ہمارے لیے پناہ گاہیں بن گئے تھے۔ ڈینی فیرل ریوربینک کے ریاستی پارک میں سرمایہ کاری اور مطلوبہ اصلاحات اس امر کو یقینی بنائیں گی کہ ہم اور بھی زیادہ لوگوں کو اپنے پُرکشش پارکوں میں آنے کی دعوت دے سکتے ہیں۔ گورنر Kathy Hochul اور نیو یارک کے ریاستی پارکوں کو میری جانب سے دلی شکریہ جنہوں نے تعمیرنو کے ان اہم کاموں کو ممکن بنایا۔"

رکن اسمبلی Al Taylor کا کہنا تھا کہ، "تقریباً تین دہائیوں سے، ڈینی فیرل ریوربینک کا ریاستی پارک ہارلم اور واشنگٹن ہائٹس میں بہتری و فلاح، فنون، اور کمیونٹی کی یکجائیت کے مینارۂ نور کی خدمات انجام دیتا رہا ہے اور میں نہایت پُرجوش ہوں کہ اسے عوام کے لیے عالمی معیار کے سرسبز و شاداب مقام، سہولت گاہوں، اور تعلیمی وسائل کی فراہمی کو جاری رکھنے کے لیے مطلوبہ فنڈنگ حاصل ہو رہی ہے۔ میرے پیشرو کے ہم نام کو عزت بخشنے اور نیو یارک شہر کے مصروف ترین رہاستی پارک میں سرمایہ کاری کرنے پر گورنر Hochul آپ کا بےحد شکریہ۔ ان تجدیدات اور سرمایہ کاریوں کے ذریعے، ڈینی فیرل ریوربینک کا ریاستی پارک آئندہ مسلسل کئی برسوں تک ہماری کمیونٹی میں تفریحی اور ثقافتی مرکز بنا رہے گا۔"

رکن اسمبلی Danny O'Donnell کا کہنا تھا کہ، "خواہ کھیلوں کے لیے ہو، اجتماعات، پکنکس، یا دلفریب مناظر کے لیے ہو، ڈینی فیرل ریوربینک کا ریاستی پارک نیو یارک کے لاتعداد رہائشیوں کے لیے - اور ایک نیک مقصد کی خاطر مقبول ترین پارکوں میں سے ایک ہے! تاہم مقبول ہونے کی حیثیت رکھنے کا مطلب پارک کی متعدد سہولت گاہوں کا کثیر استعمال ہے، اور یہ بات بالکل واضح ہے کہ اب تعمیرنو اور اپ گریڈز کا وقت ہوا جاتا ہے۔ میں اس سرمایہ کاری کے لیے نہایت پُرجوش ہوں - جو کہ لاکھوں کی تعداد میں رہائشیوں کے لیے کارآمد ہو گی - اور میں گورنر Hochul اور کمشنر Kulleseid کا شکرگزار ہوں کہ جنہوں نے ہمارے وسائل سے بھرپور ریاستی پارکوں کو ترقی دینے اور انہیں بہتر بنانے میں تعاون کیا تاکہ اس عوامی مقام کے ہر ایک کے لیے قابلِ رسائی ہونے کو یقینی بنایا جا سکے۔"

مینہیٹن بورو کے صدر Mark Levine کا کہنا تھا کہ، "میں نہایت پُرجوش ہوں کہ ڈینی فیرل ریوربینک کے ریاستی پارک کو اس قدر قابلِ تغیر سرمایہ کاری موصول ہو رہی ہے، جس سے اس میں آنے والے سالانہ لاکھوں افراد کو اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے، جو کہ یہاں کھیلوں کی تقریبات، آرٹس پرفارمنسز، اور آبی کنارے پر تفریح کے لیے آتے ہیں۔ عوامی مقامات اور ریوربینک جیسے پارکس صحت مندانہ کمیونٹیز کے لیے ناگزیر ہیں۔ یہ انتہائی مطلوب اصلاحات مغربی ہارلم اور بالائے شہر عظیم کمیونٹی کو ایک اہم سرسبز و شاداب مقام سے باہم مربوط رکھنے میں مدد دیں گی۔"

نیو یارک شہر کے رکنِ کونسل Shaun Abreu نے کہا، "ڈینی فیرل ریوربینک کا ریاستی پارک مغربی ہارلم کمیونٹی کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور اپنے حسین آبی کنارے کے مناظر اور دلفریب قدرتی منظر کی وجہ

سے یہ نیو یارک کے تمام شہر کے باشندگان کو نہایت محبوب ہے۔ گورنر Hochul کی جانب سے یہ بےلوث سرمایہ کاری اس امر کو یقینی بنانے میں نہایت کامیاب رہے گی کہ یہ من پسند پارک اپنائیت کا احساس دیتا رہے اور مقامی خاندانوں کے لیے انتہائی مطلوب تفریح کا سامان مہیا کرتا رہے۔"

ڈینی فیرل ریوربینک کا ریاستی پارک تقریباً 30 سال سے مغربی ہارلم کے تفریحی و ثقافتی مرکز کے طور پر خدمات انجام دیتا رہا ہے۔ اس پارک میں سالانہ تیس لاکھ سے زائد افراد کی آمد ہوتی ہے، جس کے مطابق لوگوں کی آمد کے حوالے سے یہ ریاست نیو یارک کے مصروف ترین پارک کا درجہ رکھتا ہے۔ یہ اس علاقے کے لیے کمیونٹی وسیلے کی خدمات انجام دیتا ہے جو کہ ایک وقت میں ہڈسن دریا سے کٹ کر رہ گیا تھا۔ ایک روایتاً پسماندہ کمیونٹی کے لیے پورا سال تفریحی وسائل کی فراہمی کے ذریعے، DF ریوربینک کا ریاستی پارک مغربی ہارلم کمیونٹی کے لیے ایک ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔

ریاست نیو یارک کا دفتر برائے پارکس، تفریح اور تحفظ تاریخ (New York State Office of Parks, Recreation and Historic Preservation) 250 سے زائد انفرادی پارکوں، تاریخی مقامات، تفریحی راستوں، اور کشتیوں کے لانچز کی نگرانی کرتا ہے، جنہیں سنہ 2021 میں ریکارڈ 78.4 ملین افراد نے دیکھا۔ ان تفریحی مقامات میں سے کسی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، 518-474-0456 پر کال کریں یا parks.ny.gov ملاحظہ کریں، Facebook پر رابطہ کریں، یا Twitter پر ہمیں فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418